© rasailojaraid.com

چاہیے۔ میں اپنے الفاظ کی جگہ مؤلف کی "معروضات" کے الفاظ ہی پیش کرتا ہوں: "ان اوراق میں ہم اساتذہ، والدین، عوام، حکام (یونین کونسل) اور نظامِ تعلیم اربابِ اختیار کی خدمت میں ہم سب..... تعلیمی مسائل..... کی طرف متوجہ ہوں"۔ "آئندہ صفحات میں اسی پس منظر میں چند نقوش، چند حقیقتیں، چند خطوط، چند نشاناتِ راہ، چند تعلیمی راہیں، تدریسی زاویے، تعلیمی منصوبہ بندی اور سلیبس وغیرہ پیش خدمت ہیں"۔ ہم اس پر یہی کچھ کہہ سکتے ہیں کہ کاش کہ تعلیمی ماہرین اور اکابر تک غلام شبیر صاحب کا حاصلِ محنت پہنچ جائے۔

---

**رسائل و مسائل حصہ پنجم** از مولینا ابو الاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ۔ پیش کش ادارہ معارف اسلامی لاہور۔ پتہ: المنار بک سنٹر منصورہ۔ لاہور ۱۸۔ سفید کاغذ، اچھی طباعت، خوشنما ٹائیٹل، ص ۳۶۸، قیمت: ۳۹/- روپے

اسلام کے نظام کو از سر نو قائم کرنے کی تحریک کو لے کر اٹھنے والے سید مودودیؒ کو زندگی کے ہر پہلو کے متعلق ایسے سوالات موصول ہوتے رہے جن کا منشا یا تو اسلام کی دعوت اور قرآن و سنت کے تقاضوں کو سمجھنا ہوتا تھا، یا اپنی زندگی یا آس پاس کے لوگوں کے طرزِ عمل کے متعلق دینی نقطہ نظر سے جاننا۔ مولینا نے ایسے سوالات کے جو جواب لکھوائے وہ رسائل و مسائل کے نام سے چار حصوں میں شائع ہو چکے ہیں۔ یہ پانچواں حصہ اُن بقیہ سوالات و جوابات کا ہے جو اب تک کتابی شکل میں نہیں آئے تھے۔

---

**دخترانِ اسلام** از چوہدری عبد المغنی صاحب مجگن۔ بہ اہتمام ادارۂ معارفِ اسلامی۔ لاہور۔ پتہ: المنار بک سنٹر منصورہ لاہور ۱۸

مختلف ایمانی و اخلاقی عنوانات کے تحت قرونِ اولیٰ کی دخترانِ اسلام کے ایسے سبق آموز حالات مختصر جمع کر دیے گئے ہیں، جن کا مطالعہ آج مسلم بچیوں بلکہ معمر خواتین کے لیے بھی نہایت مفید ہو سکتا ہے۔

---

© rasailojaraid.com